## سوال

(307)چندے کے ڈبوں میں صدقہ فطر کی رقم کی تقسیم ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اسلامی مراکز صدقہ فطر کی اس رقم کا کیا کریں جو مسلمان ، نمازِ عید سے پہلے چندے کے ڈبوں میں ڈال دیتے ہیں ؟ (مغربی مسلمانوں کے روزمرہ مسائل)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس رقم کو شرعی مصارف میں ہی خرچ کرنا چاہیئے۔ صدقات کی تقسیم کے عام معروف اُصول و ضوابط کے مطابق وہ رقم غریبوں اور مسکینوں کی ملکیت میں دی جائے، اوران کی تقسیم عید کے دن سے موخر نہیں کرنی چاہیئے، البتہ اس قدر تاخیر ہوسکتی ہے جس میں مستحقین تک رقم پہنچانے کا بندوبست کیا جاسکے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:285

محدث فتویٰ